06-01-2025  URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں:

۱۔وزیراعظم نریندر مودی نے آج چرلہ پلی ریلوے ٹرمینل کا ویڈیو کانفرنس کے ذریعہ افتتاح کیا۔ یہ ٹرمینل 413 کروڑ روپے کی لاگت سے تیار کیا گیا ہے۔

۲۔چیف منسٹر ریونت ریڈی نے وزیراعظم نریندر مودی پر زور دیا ہے کہ وہ ریاست کی مجموعی ترقی کے لئے ریجنل رنگ روڈ کی طرح ریجنل رنگ ریل منظور کریں۔

۳۔وزیر ٹرانسپورٹ پونم پربھاکر نے آج ہنمکنڈہ میں 112 الیکٹرک بسوں کا افتتاح کیا۔

اور

۴۔بی آر ایس کے کارگزار صدر کے ٹی راماراو آج فارمولا ای ریس کیس کے سلسلہ میں اینٹی کرپشن بیورو کے دفتر پہنچے اور تحریری جواب پیش کرنے کے بعد واپس ہوگئے۔

○○

بی آر ایس کے کارگزار صدر و سابق وزیر کے ٹی راماراو آج فارمولا ای ریس کیس کے سلسلہ میں اینٹی کرپشن بیورو کے دفتر پہنچے۔ وہ اپنی قانونی ٹیم کے ہمراہ اے سی بی کے دفتر کو پہنچے تاہم اے سی بی عہدیداروں کی جانب سے پوچھ تاچھ کے دوران ان کے وکلاء کی موجودگی کے لئے اجازت نہیں دی گئی۔ وہ تحقیقاتی عہدیدار کو نوٹس کا تحریری جواب پیش کرنے کے بعد تلنگانہ بھون واپس ہوگئے۔ میڈیا کے نمائندوں سے بات چیت کرتے ہوئے تارک راماراو نے کہا کہ حکومت دستوری حقوق کی خلاف ورزی کررہی ہے۔ انہوں نے حکومت کے ارادوں کے بارے میں تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ اس نے ان کے مکان پر چھاپوں کی سازش بنائی ہے۔ کے ٹی آر نے کانگریس حکومت پر الزام لگایا کہ وہ عوام سے کئے گئے وعدوں کی عدم تکمیل سے توجہ ہٹانے کی کوشش کررہی ہے۔

○○

وزیراعظم نریندر مودی نے آج چرلہ پلی ریلوے ٹرمینل کا ویڈیو کانفرنس کے ذریعہ افتتاح کیا۔ یہ ٹرمینل 413 کروڑ روپے کی لاگت سے تیار کیا گیا ہے۔ تلنگانہ میں ریلوے انفرااسٹرکچر کی فراہمی میں یہ ٹرمینل ایک اہم سنگ میل ہے۔ اس ٹرمینل میں جدید سہولتیں فراہم کی گئی ہیں، جن میں 6 اسکیلیٹرس، 7 لفٹس، مردوں اور خواتین کے لئے علیحدہ ویٹنگ ہالس، ایک ہائی کلاس ویٹنگ ایریا اور ایک اگزیکٹیو لاونج شامل ہیں۔ ٹرمینل کی پہلی منزل پر ایک کیفے ٹیریا، ایک ریسٹورنٹ اور ریسٹ رومس تعمیر کئے گئے ہیں۔ اس ٹرمینل سے فی الوقت 13 جوڑی ٹرینیں چلائی جاسکتی ہیں۔ یہاں سے مزید 12 ٹرینیں چلائے جانے کی گنجائش ہیں۔ چرلہ پلی ریلوے ٹرمینل پر منعقدہ پروگرام سے خطاب کرتے ہوئے تلنگانہ کے گورنر جشنو دیو ورما نے ساوت سنٹرل ریلوے کی تیز رفتار ترقی کا تذکرہ کیا۔ انہوں نے کہا کہ ریلوے بجٹ میں ریاست کے لئے 15-2014ء میں 58 کروڑ روپے فراہم کئے گئے تھے اور اب یہ بڑھ کر 25-2024ء میں 5 ہزار 300 کروڑ روپے ہوگئے ہیں۔ چرلہ پلی ٹرمینل سے سکندرآباد، حیدرآباد اور کاچی گوڑہ ریلوے اسٹیشنوں پر دباؤ کم ہوگا اور مسافرین کی آمدورفت اور مال برداری کو فروغ ملے گا۔ کوئلہ اور کانوں کے مرکزی وزیر کشن ریڈی نے وزیراعظم نریندر مودی، وزیر ریلوے اشونی ویشنو اور مملکتی وزیر ریلوے سومنا کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ انہوں نے ٹرمینل کی

تعمیر میں نمایاں رول ادا کیا۔ اس نئے ٹرمینل سے مسافرین کی آمد و رفت کی سہولت مزید بہتر ہوگی اور مال برداری کو فروغ ملے گا۔ اس کے علاوہ چرلہ پلی سے گٹکیسر تک ایم ایم ٹی ایس خدمات سے مقامی عوام کو سفر کی سہولت دستیاب ہوگی۔

○○

تلنگانہ کے میدک میں کل رات اقل ترین درجہ حرارت 7.8 ڈگری سلسیس ریکارڈ کیا گیا۔ دفتر موسمیات نے آج اپنی رپورٹ میں بتایا کہ آئندہ پانچ دن کے دوران تلنگانہ میں ایکا دوکا مقامات پر صبح کے اوقات میں دھند چھائے رہنے کا امکان ہے۔ آئندہ تین دن کے دوران اقل ترین درجہ حرارت اوسط سے دو تا چار ڈگری سلسیس کم رہنے کا امکان ہے۔ گزشتہ چوبیس گھنٹوں کے دوران میدک ضلع میں ایکا دوکا مقامات پر سرد لہر محسوس کی گئی۔

○○

وزیر ٹرانسپورٹ پونم پربھاکر نے آج دیگر ریاستی وزرا کے ہمراہ ہنمکنڈہ کے ہایا گریوا چاری گراؤنڈ پر 112 الیکٹرک بسوں کا افتتاح کیا۔ اس پروگرام کا اہتمام تلنگانہ اسٹیٹ روڈ ٹرانسپورٹ کارپوریشن نے کیا تھا۔ پونم پربھاکر نے کہا کہ حکومت بنیادی سہولتوں کو بہتر بنانے اور عوام کو سہولیات مہیا کرنے کی پابند ہے۔ اپوزیشن کی تنقیدوں کے جواب میں انہوں نے کہا کہ پچھلی حکومت بنیادی سہولتیں فراہم کرنے میں ناکام رہی۔ انہوں نے کہا کہ موجودہ حکومت عوام کی بہبود کے لئے وقف ہے۔ انہوں نے کہا کہ سنکرانتی کے بعد نئے راشن کارڈس اور پنشن تقسیم کی جائے گی اور اندرا رعیّتو بھروسہ پر عمل آوری ہوگی۔

○○

چیف منسٹر ریونت ریڈی نے وزیر اعظم نریندر مودی پر زور دیا ہے کہ وہ ریاست کی مجموعی ترقی کے لئے ریجنل رنگ روڈ کی طرح ریجنل رنگ ریل منظور کریں۔ انہوں نے آج چرلہ پلی کے نئے ریلوے ٹرمینل کے افتتاح کے موقع پر اپنی تقریر میں کہا کہ مرکز نے 370 کلومیٹر طویل ریجنل رنگ روڈ کو منظوری دی ہے اور اس میں سے 170 کلومیٹر کے لئے ٹنڈرس طلب کئے گئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اگر ریجنل رنگ ریل پراجکٹ مکمل کیا گیا تو تلنگانہ کا 60 فیصد علاقہ شہری علاقہ ہوجائے گا۔ انہوں نے وزیر اعظم سے درخواست کی کہ وہ قاضی پیٹ میں اینٹی گریٹیڈ ریلوے کوچ فیکٹری کے کام میں تیزی لانے کی ہدایت دیں۔ ریونت ریڈی نے وزیر اعظم سے درخواست کی کہ وہ وقار آباد کرشنا ریلوے لائن کو منظوری دیں۔ انہوں نے کہا کہ بھارت کو پانچ ٹریلین ڈالرس کی معیشت بنانے کے کام میں تلنگانہ ایک ٹریلین ڈالر کا رول ادا کرنے تیار ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ اسی وقت ممکن ہوگا جب مرکزی حکومت ریاست کے مختلف پراجکٹس کو منظوری دے گی۔

○○

بی آر ایس کی ایم ایل سی کے کویتا نے ریاستی حکومت پر تنقید کرتے ہوئے کہا ہے کہ وہ عوام کی طرف سے آواز اٹھانے والوں کے خلاف جھوٹے مقدمات درج کررہی ہے۔ انہوں نے آج عادل آباد ضلع کے اندراویلی منڈل سنٹر پر اندراویلی فائرنگ میں ہلاک ہونے والوں کو خراج عقیدت پیش کیا۔ کویتا نے الزام لگایا کہ حکومت انتقامی سیاست پر اتر آئی ہے۔ انہوں نے بی آر ایس کے کارگزار صدر کے ٹی راما راؤ کے خلاف اے سی بی مقدمہ درج کئے جانے پر حکومت پر تنقید کی۔ انہوں نے کہا کہ بی آر ایس ایسے مقدمات سے خوفزدہ نہیں ہوگی اور عوام کے حقوق کے لئے حکومت کے خلاف جدوجہد کرتی رہے گی۔ انہوں نے کانگریس حکومت پر تنقید کرتے ہوئے کہا کہ اس نے رعیّتو بھروسہ کے تحت فی ایکر 15 ہزار روپے کی امداد کے وعدے کو فراموش کردیا اور صرف 12 ہزار روپے دینے کا اعلان کیا ہے۔

○○

لوک سبھا کے اسپیکر اوم برلا نے آج دہلی میں سمویدھان سدن کے سنٹرل ہال میں پنچایت سے پارلیمنٹ 2.0 پروگرام کا افتتاح کیا۔ 20 ریاستوں اور مرکزی زیر انتظام علاقوں کے پنچایتی راج اداروں سے تقریباً 500 منتخب خاتون نمائندے اس پروگرام میں شرکت کر رہے ہیں۔ اس پروگرام کا مقصد پنچایت راج اداروں میں درجہ فہرست قبائل سے تعلق رکھنے والی خاتون نمائندوں کو با اختیار بنانا ہے اور دستوری دفعات، پارلیمانی طریقہ کار اور حکمرانی کے بارے میں ان کے علم میں اضافہ کرنا ہے۔ اس موقع پر اوم برلا نے کہا کہ پنچایت راج ادارے دیہاتوں کی ترقی اور خود مختصر بھارت کے خواب کو پورا کرنے کے لئے کوشاں ہیں۔

○○

تلنگانہ کے چیف الیکٹورل آفیسر سدرشن ریڈی نے اعلان کیا ہے کہ رائے دہندگان کی فہرست پر خصوصی نظر ثانی کے بعد قطعی فہرست شائع کردی گئی ہے۔ اس فہرست میں ان نوجوانوں کو بھی شامل کیا گیا ہے جو یکم جنوری 2025ء کو ووٹ ڈالنے کے اہل ہو گئے۔ ریاست کے تمام 119 اسمبلی حلقوں کے لئے قطعی فہرست جاری کر دی گئی ہے۔ سی ای او کے دفتر سے جاری کئے گئے بیان میں کہا گیا کہ رائے دہندگان کی جملہ تعداد 3.35 کروڑ ہوگئی ہے۔ ان میں 1.66 کروڑ مرد اور 1.68 کروڑ خواتین شامل ہیں۔ 18 تا 19 سال کی عمر کے 5.45 نوجوان بھی اس فہرست میں شامل ہیں۔

○○

چیف منسٹر ریونت ریڈی نے آج شام آرام گھر تا نہروز والوجیکل پارک فلائی اوور کا افتتاح کیا۔ چھ لین کا یہ فلائی اوور چار کلومیٹر طویل ہے۔ اسٹراٹیجک روڈ ڈیولپمنٹ پروگرام کے تحت 799.74 کروڑ روپے کی لاگت سے یہ پراجکٹ تعمیر کیا گیا ہے۔ ایک بیان میں کہا گیا کہ اس سے علاقہ میں ٹرافک کے مسائل حل ہوں گے۔ اس تقریب میں حیدرآباد کے ایم پی اور کل ہند مجلس اتحاد المسلمین کے صدر اسدالدین اویسی نے بھی شرکت کی۔

○○